فوری ریلیز کے لیے: 9/8/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے ریاست نیو یارک میں ملازمت کے مواقع پیدا کرنے اور ملازمت تلاش کرنے والوں کی ملازمت کے نئے مواقع حاصل کرنے میں معاونت کے لیے قانونی مسودے پر دستخط کیے

قانونی مسودہ (A.8458A/S.6803A) محمکہ لیبر کو ریاست نیو یارک کے جاب بینک کی تشہیر کے لیے ایک آگاہی مہم تیار کرنے کا اختیار دیتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ایک قانونی مسودے پر دستخط کیے جو ریاست نیو یارک میں موجود ملازمت کے مواقع کے متعلق عوامی آگاہی میں اضافہ کرے گا۔ قانونی مسودہ (A.8458A/S.6803A) محمکہ لیبر (Department of Labor) کو ریاست نیو یارک کے جاب بینک کی تشہیر کے لیے ایک آگاہی مہم تیار کرنے کا اختیار دے گا۔ ریاست نیو یارک کا جاب بینک (Job Bank)، ملازمت تلاش کرنے والوں کو تمام صنعتوں میں250,000 سے زائد ملازمتوں سے رابطے میں لانے کا ایک آن لائن ذریعہ ہے جس کا انتظام و انصرام NYSDOL کرتا ہے۔

"نیویارک کے شہریوں کے لیے، ملازمت تلاش کرنے والے باصلاحیت افراد کو بامعنی ملازمت سے رابطے میں لانے کا ایک عالمی معیار کا ٹول، ان کی انگلیوں کی نوک پر دستیاب ہے اور اس بل کی مالی معاونت کرنے والوں کا شکریہ کہ یہ قانون سازی ہمیں اس خبر کو پھیلانے میں مدد دے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں ان کاروباری اداروں کی حوصلہ افزائی کروں گی جنہوں نے ریاست نیو یارک کا جاب بینک استعمال نہیں کیا ہے کہ وہ ان دیگر سینکڑوں آجروں کے ساتھ شامل ہوں جنہوں نے اپنی پیش کردہ ملازمتوں کا اشتہار یہاں دیا ہے تاکہ ان کو دسیوں ہزار امیدوار دیکھ سکیں۔"

قانونی مسودہ (A.8458A/S.6803A) ریاست نیو یارک کے محمکہ لیبر (Department of Labor) اختیار دے گا کہ وہ ریاست نیو یارک کے جاب بینک کی تشہیر کے لیے عوامی آگاہی کی ایک مہم تیار کرے، جو ملازمت تلاش کرنے والے افراد کو آسامیاں پُر کرنے کے خواہاں آجروں سے بہتر طریقے سے رابطے میں لے کر آئے گی۔ عوامی آگاہی کی مہم متعدد ذرائع سے دستیاب بنائی جائے گی جن میں انٹرنیٹ، ریڈیو، اشتہاری بورڈز اور مزید بہت کچھ شامل ہو گا۔ یہ NYSDOL سے یہ بھی درکار کرے گا کہ گورنر اور مقننہ کو ایک رپورٹ فراہم کرے جس میں مہم کے دوران کیے گئے عملی اقدامات اور مستقبل کی عوامی آگاہی کی مہموں کے لیے ضرورتوں کی شناخت کی گئی ہو۔ یہ تازہ ترین کاوش نیو یارک کے شہریوں کی ایسے پیشے جو ان کو دل سے پسند ہوں مستقل اختیار کرنے میں مدد کے لیے NYSDOL کی جاری کوششوں کو مکمل کرتی ہے جن میں سوشل میڈیا کے ذریعے مسلسل رسائی، نیوز لیٹرز؛ اور ریاست بھر میں موجود ملازمت تلاش کرنے والوں کو براہ راست ای میل/ٹیکسٹ پیغامات بھیجا جانا شامل ہے۔

جاب بینک کی ویب سائٹ پر جا کر، نیو یارک کے شہری مقام، ملازمت کے عنوان اور کمپنی کے نام کے حوالے سے 250,000 سے زائد خالی آسامیاں دیکھ سکتے ہیں۔ ملازمے کی تلاش اور پیشہ ورانہ زندگی میں ترقی کے دیگر ٹولز افراد کی اپنے مستقل کی منصوبہ بندی کرنے، اپنی ملازمت کی تلاش کو منظم کرنے، اپنے کوائف نامے تیار کرنے اور پیشہ ورانہ زندگی کے مواقع دریافت کرنے میں مدد کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔

ہر حجم کے کاروباری اداروں کی اس حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اس مفت آن لائن خدمت کو دستیاب آسامیاں مشتہر کرنے کے لیے استعمال کریں، جن کو نیو یارک کے اعلیٰ قابلیت کے حامل ملازمت تلاش کرنے والے دسیوں ہزار افراد دیکھیں گے۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ لیبر کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "نیو یارک کی افرادی قوت کی مسلسل سب سے بڑی وکیل بنے رہنے پر میں گورنر Hochul کی شکر گزار ہوں۔ میں ملازمت کی تلاش کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ اس بے نظیر موقعے کے لمحے سے فائدہ اٹھائیں۔ ریاست بھر میں معیشت کے ہر دھارے میں دستیاب کئی آسامیوں میں سے، ہم آپ کا من پسند پیشہ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔"

اسٹیٹ سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا، " ریاست نیو یارک ملازمت تلاش کرنے والوں کی مدد کرنے اور آجروں کو شاندار صلاحیتوں کو کھوجنے کے لیے بے بہا وسائل پیش کر رہی ہے، لیکن شومئی قسمت کہ ہر کسی کو ان کے متعلق اگاہی نہیں ہے۔ ریاست کے جاب بینک کی تشہر کے ذریعے ہم نیو یارک کے اور زیادہ شہریوں کی نئے مواقع سے رابطے میں آ کر بامعنی ملازمت تلاش کرنے میں مدد کر سکتے ہیں؛ اور یہ کرنے میں مدد کرنے والی قانون سازی کو مالی تعاون فراہم کرنے پر مجھے فخر ہے۔ میں اس بل پر اسمبلی مین Stirpe کے ساتھ شراکت داری پر شکر گزار ہوں؛ اور اس پر دستخط کر کے اس کو قانون کی شکل دینے پر میں گورنر Hochul کی قیادت کی مشکور ہوں۔"

اسمبلی ممبر Al Stirpe نے کہا، "گزشتہ دو سال ہماری ریاست کے کاروباری اداروں اور ملازمت تلاش کرنے والوں کے لیے سخت دشوار رہے ہیں۔ ہماری طویل مدتی اقتصادی بحالی کے لیے، مجھے اس بل کے لیے مالی تعاون فراہم کرنے پر فخر ہے جو NYS کے محکمہ لیبر سے، ریاست نیو یارک کے جاب بینک پر مرکوز ایک جامع، کثیر جہتی اشتہاری مہم کا قیام درکار کرتا ہے۔ یہ ویب سائٹ ملازمت سے متعلقہ تمام معاملات، بشمول بھرتی کے مواقع، پیشہ ورانہ زندگی کی منصوبہ بندی، سابقہ ملازمین کے مخصوص وسائل اور بے روزگاری کے حوالے سے معاونت، کے مرکز کا کردار ادا کرتی ہے۔ یہ قانون سازی کاروباری اداروں اور ممکنہ ملازمین کے درمیان رابطے کو تقویت دینے میں مدد دے گی۔ میں گورنر Hochul کا اس بل پر دستخط کر کے اس کو قانون بنانے اور ہماری بحالی کے دوران ہماری ریاست کی افرادی قوت کا ٹھوس انداز میں ساتھ دینے پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

###

www.governor.ny.gov اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418